17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	ترجمۃ القرآن	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ "سورۃ المائدۃ" باعتبار نزول بالترتیب سورۃ ہے:

(الف) ایک سو آٹھ (ب) ایک سو دس (ج) ایک سو بارہ (د) ایک سو چودہ

2۔ حرمت والے مہینے ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

3۔ "ولا الهدی" کے معنی ہیں:

(الف) صدقہ کا جانور (ب) مکہ لائے جانے والے جانور (ج) قربانی کے جانور (د) نذر والے جانور

4۔ "البر" سے مراد ہے:

(الف) برائی (ب) پرہیزگاری (ج) نیکی (د) اچھائی

5۔ "الإثم" سے مراد ہے:

(الف) ظلم (ب) برائی (ج) گناہ (د) پرہیزگاری

6۔ "سورۃ الأنعام" کے رکوع کی تعداد ہے:

(الف) سولہ (ب) اٹھارہ (ج) بیس (د) بائیس

7۔ "صم" سے مراد ہے:

(الف) گونگے (ب) اندھے (ج) بہرے (د) لنگڑے

8۔ "بکم" کا معنی ہے:

(الف) بہرے (ب) لنگڑے (ج) اندھے (د) گونگے

9۔ "حبة" کا معنی ہے:

(الف) دانہ (ب) گندم کا دانہ (ج) مکئی کا دانہ (د) جو کا دانہ

ورق الٹئے

10۔ "رطب" کا معنی ہے:

(الف) خشک چیز (ب) اگنے والی چیز (ج) تر چیز (د) بہنے والی چیز

11۔ "ثقلت" کا معنی ہے:

(الف) ہلکا ہونا (ب) بڑا ہونا (ج) بھاری ہونا (د) بلند ہونا

12۔ "یحبسون" کا معنی ہے:

(الف) سوچنا (ب) گمان کرنا (ج) وہم کرنا (د) خیال کرنا

13۔ "مسرفین" کا معنی ہے:

(الف) چوری کرنے والے (ب) انصاف کرنے والے (ج) بے جا خرچ کرنے والے (د) حد سے بڑھنے والے

14۔ "یستقدمون" کا معنی ہے:

(الف) دائیں ہو سکتے (ب) پیچھے ہٹ سکتے (ج) بائیں ہو سکتے (د) آگے بڑھ سکتے

15۔ "ضعف" کا معنی ہے:

(الف) دوگنا (ب) چارگنا (ج) چھ گنا (د) آٹھ گنا

16۔ "أنفال" کا معنی ہے:

(الف) مالِ فیَ (ب) مالِ زکوٰۃ (ج) مالِ غنیمت (د) مالِ صدقہ

17۔ "وجلت قلوبھم" کا معنی ہے:

(الف) دل خوش ہونا (ب) دل خوفزدہ ہونا (ج) دل غمگین ہونا (د) دل اداس ہونا

18۔ "مردفین" کا معنی ہے:

(الف) علیحدہ علیحدہ آنے والے (ب) اکٹھے آنے والے (ج) ٹھہر ٹھہر کر آنے والے (د) پے در پے آنے والے

19۔ "فوق الأعناق" کا معنی ہے:

(الف) گردنوں کے نیچے (ب) گردنوں کے اوپر (ج) گردنوں کے آگے (د) گردنوں کے پیچھے

20۔ "شر الدواب" کے معنی ہیں:

(الف) برے جانور (ب) خوبصورت جانور (ج) زمین پر چلنے والے جانور (د) موٹے تازے جانور

17-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	ترجمة القرآن	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------------------------

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "یأیھا الذین آمنوا أوفوا بالعقود" کا ترجمہ لکھیں۔
2۔ "قد جآءکم من اللہ نور و کتاب مبین" کا ترجمہ لکھیں۔
3۔ کن چیزوں پر تعاون کرنے اور عدم تعاون کا حکم دیا گیا ہے؟
4۔ نماز پڑھنے کی کیا شرائط ہیں؟ تحریر کریں۔
5۔ قرض حسنہ سے کیا مراد ہے؟ اور قرض حسنہ پر اللہ تعالیٰ نے کن انعامات کا وعدہ فرمایا ہے؟ تحریر کریں۔
6۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے کس رشتہ دار کو بتوں کو معبود بنانے پر تنبیہ کی اور ان کی قوم کو کس چیز میں مبتلا ہونے کی وعید سنائی؟
7۔ اللہ تعالیٰ نے سورہ انعام کی ابتداء میں کن چیزوں کی تخلیق کا بیان فرمایا ہے؟ اور انسان کی زندگی اور موت کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟
8۔ دنیا کی زندگی کو اللہ نے کس چیز سے تعبیر فرمایا ہے؟ اور آخرت کی زندگی کن لوگوں کے لیے بیان فرمائی ہے؟
9۔ "قل لمن ما فی السمٰوٰت والارض قل للہ" کا ترجمہ لکھیں۔
10۔ "الم یروا کم اھلکنا من قبلھم" اس آیت میں قوموں کی ہلاکت کے سبب لکھیں۔
11۔ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کے بارے میں کیا حکم ہے اور حرمت والے مہینوں کے نام لکھیں۔
12۔ حضرت ابراہیمؑ کی قوم کو کن چیزوں کو معبود بنانے پر گمراہی اور شرک کا پیغام دیا؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ ابلیس نے حضرت آدم کو سجدہ نہ کرنے کی کونسی دلیل اللہ کو دی؟
2۔ حضرت آدمؑ اور اماں حواؑ کو اللہ تعالیٰ نے کس مقام پر رکھا؟ اور کس کام کو کرنے اور کس کام کو نہ کرنے کا حکم دیا؟
3۔ شیطان نے حضرت آدمؑ اور اماں حواؑ کے دلوں میں کیا وسوسہ ڈالا؟ اور کس چیز کو ان پر ظاہر کر دیا؟
4۔ سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے کون سے لقب اور کون کون سی صفات و کمالات بیان فرمائے؟
5۔ حضرت شعیبؑ کی قوم کس کس برائی میں مبتلا تھی؟ بیان کریں۔
6۔ حضرت لوطؑ کی قوم کس برائی میں مبتلا ہوئی؟ اور ان کی قوم کو کیا عذاب دیا گیا؟
7۔ سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کی کونسی صفات بیان فرمائی ہیں؟
8۔ سچے مؤمنوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے کس چیز کا وعدہ فرمایا ہے؟
9۔ "یایھا الذین آمنوا لا تخونوا اللہ" اس آیت میں اللہ نے اہل ایمان کو کس کام سے منع فرمایا؟ اور مال و اولاد کو کس چیز سے تعبیر فرمایا ہے؟
10۔ اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کا پانچواں حصہ کس کے لیے خاص فرمایا ہے؟ اور کن لوگوں کو دینے کا حکم فرمایا ہے؟
11۔ "وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم" اس ایت کا ترجمہ لکھیں۔
12۔ "واذ زین لھم الشیطن أعمالھم" اس آیت کا ترجمہ کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں حرام اور جو حلال فرمائی ہیں ان کو تفصیلاً بیان کریں نیز جو شکار حلال کیا اس کی وضاحت کریں۔
ii. حضرت آدمؑ کے بیٹوں کے واقعات بیان کریں اور کس نے کس کو قتل کیا اور کس طرح مقتول کو دفن کیا؟ پورا واقعہ تحریر کریں۔
iii. حضرت عیسیٰؑ کے معجزات بیان کریں اور قوم عیسیٰؑ نے کس چیز کی درخواست کی؟ وضاحت کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. اللہ تعالیٰ نے جو آٹھ قسم کے چوپایوں کے جوڑے حلال فرمائے ہیں ان کی تفصیل بیان کریں اور جو یہودیوں پر حرام تھی ان چیزوں کو تفصیلاً بیان کریں۔

ii. اللہ تعالیٰ نے جو معاملات حرام فرمائیں ہیں اور جو مال حرام کیا ہے اور جس سے بچنے پر تقوٰی کا انعام فرمایا ہے ان کو تفصیلاً بیان فرمائیں۔

iii. حضرت موسیٰؑ کے معجزات بیان کریں۔ نیز جادوگروں سے مقابلہ والا واقعہ تفصیل سے بیان کریں۔